یونین آف جرنلسٹس کے اجلاس کی صدارت صدر یونین آف جرنلسٹس شریف طاہر نے کی

جھنگ (بیورو رپورٹ) پریس کلب جھنگ اور جھنگ یونین آف جرنلسٹس کے علیحدہ علیحدہ اجلاس گزشتہ روز پریس کلب میں منعقد ہوئے۔ پریس کلب جھنگ کے اجلاس کی صدارت صدر پریس کلب لیاقت علی انجم نے جبکہ یونین آف جرنلسٹس کے اجلاس کی صدارت صدر یونین آف جرنلسٹس شریف طاہر نے کی۔ پریس کلب کے اجلاس میں فنانس سیکرٹری مہر قیصر بھمبھڑانہ نے سال 2024 کی آمدن اور اخراجات کا حساب کتاب پیش کیا۔ صدر لیاقت علی انجم نے سال 2024 کی کارکردگی رپورٹ ہاؤس میں پیش کی۔ یونین آف جرنلسٹس کے اجلاس میں فنانس سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اقبال نول نے سال 2024 کی آمدن اور اخراجات کا حساب کتاب پیش کیا۔ صدر یونین آف جرنلسٹس شریف طاہر نے سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ سیکرٹری پریس کلب خرم سعید نے سال 2025 کے انتخابات کے لئے الیکشن کمیشن کے ممبران کے ناموں کا اعلان کیا۔ پریس کلب اور یونین آف جرنلسٹس کے تین سینئر ممبران سید قلب عباس بخاری، ڈاکٹر منظور عابد کھرل اور اختر سجاد الیکشن کمیشن کے ممبران ہوں گے۔ صحافیوں کی دونوں تنظیموں پریس کلب جھنگ اور جھنگ یونین آف جرنلسٹس کے سال 2025 کے انتخابات کے لئے 21 جنوری 2025 کو ہوں گے۔ جس کے لئے الیکشن شیڈول کا اعلان الیکشن کمیشن کرے گا

چوہدری مقصود احمد کی زیر صدارت پنجاب پریس کلب عارفوالا کا ماہانہ اجلاس

صدر محمد حسین سکھیرا، جنرل سیکرٹری محمد سلیم کھوکھر، چیئرمین محمد یحییٰ و دیگر ممبران کی شرکت



عارف والا (تحصیل رپورٹر) پنجاب پریس کلب عارفوالا کا ماہانہ اجلاس زیر صدارت سرپرست اعلی جناب چوہدری مقصود احمد گھمن پنجاب پریس کلب عارف والہ منعقد ہوا اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا تلاوت قرآن پاک کی سعادت اللہ دتہ انصاری نے حاصل کی پنجاب پریس کلب عارف والا جن میں صدر محمد حسین سکھیرا، جنرل سیکرٹری محمد سلیم کھوکھر، چیئرمین محمد یحییٰ، وائس چیئرمین راؤ محمد ندیم، سینئر نائب صدر سفارش علی، نائب صدر ملک راشد، نائب صدر میڈم نجمہ پروین، عہدیداران وممبران نے شرکت کی نئے شامل ہونے والے دوست صحافیوں کا پرزور استقبال کیا گیا صحافتی معاملات اور مرکزی پریس کلب عارفوالا کے الیکشن 26.2025 کے حوالہ سے معاملات زیر بحث آئے نئے سال کی آمد پر ملک پاکستان اور امت مسلمہ اور پنجاب پریس کلب کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

موجودہ حکومت ہر طرح سے ناکام ثابت ہوئی ہے، عامر فاروق باجوہ

پنجاب حکومت مذاق بن کر رہ گئی ہے قوم کا مزید وقت برباد کرنے کی بجائے الیکشن کروائے جائیں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) موجودہ حکومت ہر طرح سے ناکام ثابت ہوئی ہے غریب مزدوروں کو بے روزگار کر کے اراکین اسمبلی کی تنخواہیں کئی گنا بڑھا لی گئی ہیں پنجاب حکومت مذاق بن کر رہ گئی ہے قوم کا مزید وقت برباد کرنے کی بجائے الیکشن کروائے جائیں تاکہ عوام کی منتخب شدہ حکومت قائم ہو ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان تحریک انصاف صرف اور صرف عوامی حقوق کی جنگ لڑ رہی ہے عمران خان پر ظلم کرنے والوں کو حساب دینا ہوگا حکومت اپنی ناکامیوں پر پردے ڈالنے کیلئے دیگر جماعتوں پر مظالم ڈھا رہی ہے ایسی چیزوں کی سختی سے حوصلہ شکنی ہونی چاہیے جمہوری اصولوں کا احترام ہر صورت یقینی بننا چاہیے۔

حافظ آباد شہر میں صفائی ستھرائی کا ٹھیکہ نجی کمپنی کو دیئے جانے کے بعد اکثر گلی محلے سینٹری ورکرز سے محروم

نجی کمپنی ایک ماہ گذرنے کے باوجود مطلوبہ سینٹری ورکرز اور خاکروب بھرتی کرنے میں ناکام

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد شہر میں صفائی ستھرائی کا ٹھیکہ نجی کمپنی کو دیئے جانے کے بعد اکثر گلی محلے سینٹری ورکرز سے محروم۔ نجی کمپنی ایک ماہ گذرنے کے باوجود مطلوبہ سینٹری ورکرز اور خاکروب بھرتی کرنے میں ناکام۔ شہر بھر میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا ستھرا پنجاب پروگرام ٹھس ہو کر رہ گیا۔ سینٹری ورکرز سے محروم گلی محلے جوہڑوں میں تبدیل ہونا شروع ہو گئے۔ متعدد علاقوں میں گٹروں اور نالوں کے ابلنے سے حالت ابتر سے ابتر ہو گئی۔ صفائی ستھرائی کا چیک کرنے والے افسران بھی دفاتر میں بیٹھ گئے۔ شہری ن لیگ کی حکومت کے ساتھ ساتھ ضلعی انتظامیہ کے افسران کو بھی کوسنے لگے۔ شہریوں کی کثیر تعداد نے شہر بھر میں صفائی ستھرائی کا نظام کی بگڑتی صورت حال پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ نجی کمپنی صرف مین

ایس ٹی اور ای ایس ٹی ٹیچرز کی سینیارٹی لسٹ دفتر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز ایلیمنٹری میں آویزاں کر دی گئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پی ایس ٹی اور ای ایس ٹی ٹیچرز کی سینیارٹی لسٹ دفتر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز ایلیمنٹری میں آویزاں کر دی گئی ہیں۔ اگر کسی بھی ٹیچرز کو کوئی اعتراض ہو تو وہ 3 جنوری 2025 بروز جمعہ تک اعتراض اور کلیم کر سکتے ہیں۔ مقرر تاریخ کے بعد کوئی اعتراض قبول نہ کیا جائے۔ ضلع چیئرمین متحدہ محاذ اساتذہ ضلع حافظ آباد ریاض احمد تارڑ کی ریکوئسٹ پر جناب چیف ایگزیکٹو آفیسر میڈم نازیہ شہزادی اور جناب ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز ایلیمنٹری نے سینیارٹی لسٹ آویزاں کر دی گئی ہیں۔

معروف تاجر ادریس کے 8 سالہ بیٹے محمد عبداللہ ادریس نے قرآن پاک کو مکمل ناظرہ پڑھ لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف تاجر ادریس کپڑے والے کے 8 سالہ بیٹے محمد عبداللہ ادریس نے قرآن پاک کو مکمل ناظرہ پڑھ لیا قرآن پاک کو مکمل ناظرہ پڑھنے کے حوالے سے چناب میرج ہال میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلعی صدر انجمن تاجران حاجی محمد جمیل فخری قاری محمد عثمان مدرسہ فتح العلوم حاجی محمد اقبال فیصل آباد والے نے خصوصی شرکت کی اور محمد عبداللہ ادریس کو قرآن پاک حفظ کرنے پر مبارکباد پیش کی اس موقع پر ضلعی صدر انجمن تاجران حاجی محمد جمیل فخری کا کہنا تھا کہ محمد عبداللہ ادریس نے اتنی چھوٹی سی عمر میں قرآن مجید کی سعادت حاصل کی ان لمحات پر خوشی کا اظہار کیا قاری محمد عثمان کا کہنا ہے کہ والدین اور اساتذہ کی محنتوں کا یہ نتیجہ ہے جس کا اجر اللہ تعالیٰ بروز قیامت کے دن دے گا اس موقع پر فنانس سیکرٹری چنیوٹ پریس کلب میاں منور حسین ممبر چنیوٹ پریس کلب محمد محسن علی راجد ریاض احمد خان شاھد وقار سلارہ مہر شاھد شعور گروپ والے ببرو چیف وقار گھمن عبدالسلام سمائل موبائل والے و دیگر سیاسی وسماجی شخصیات نے شرکت کی اور مبارکباد پیش کی۔

لیسکو اوور بلنگ نے شہریوں کی چیخیں نکلوا دیں، اہل علاقہ سراپا احتجاج بن گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) لیسکو اوور بلنگ نے شہریوں کی چیخیں نکلوا دیں مختلف صارفین کو بجلی کے بلوں میں اضافی یونٹس ڈال دیے گئے عوام کا پارہ ہائی واپڈا کو بددعائیں دسمبر کے معمولی بلز میں جون کے استعمال شدہ یونٹس کی ایوریج ڈال دی گئی اہل علاقہ سراپا احتجاج بن گئے تفصیل کے مطابق لیسکو کی نئی پالیسی کے مطابق پرانے میٹرز تبدیل کر کے نئے ڈیجیٹل میٹرز لگانے کا اعلان کیا گیا ہے اس کیلئے آئندہ کچھ ماہ ریڈنگ کے بغیر ہی جون کے مہینے میں استعمال شدہ یونٹس کی ایوریج کے حساب سے بل بھیجے جائیں گے دسمبر کے مہینے میں اوور بلنگ کے زریعے زیادہ وصولی کی جارہی ہے جس پر اہل علاقہ کا صبر جواب دے گیا ہے انہوں نے لیسکو حکام کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے استعمال شدہ یونٹس کے حساب سے بل بھیجنے کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے فیتہ کاٹ کر پولیس جمنیزیم کا افتتاح کیا

جمنیزیم میں کارڈیو مشینز، ویٹ لفٹنگ کے آلات اور دیگر جدید سہولیات فراہم کی گئی



جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کا پولیس فورس کی جسمانی فٹنس اور ذہنی صحت کیلئے احسن اقدام گزشتہ روز پولیس لائنز میں پولیس جمنیزیم مکاپ گریڈیشن کے بعد افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے فیتہ کاٹ کر پولیس جمنیزیم کا افتتاح کیا جمنیزیم میں کارڈیو مشینز، ویٹ لفٹنگ کے آلات اور دیگر جدید سہولیات فراہم کی گئی ہیں افتتاحی تقریب کے موقع پر ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ فٹنس کسی بھی فورس کے لیے انتہائی اہم ہے۔ پولیس اہلکاروں کو جسمانی طور پر مضبوط اور صحت مند رکھنے کے لیے جمنیزیم ایک اہم قدم ہے۔ پولیس فورس کو درپیش ذہنی دباؤ کو کم کرنے کے لیے ایسی سہولیات فراہم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈی پی او نے جمنیزیم میں جدید آلات کا معائنہ کیا اور فٹنس سے متعلق اہم ہدایات بھی دیں۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ پولیس افسران اور جوان اس سہولت سے بھرپور استفادہ کریں اور اپنی جسمانی اور ذہنی صحت کو بہتر بنائیں۔

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کا جدید پولیس دستکاری سکول کا افتتاح کر دیا

منصوبہ شہداء کے خاندانوں کے بچوں کو ہنرمند بنانے کے لیے شروع کیا گیا، گفتگو

جھنگ (بیورو رپورٹ) جھنگ پولیس کی جانب سے شہداء کے خاندانوں کی فلاح کے لیے پولیس دستکاری سکول قائم کر دیا گیا ہے ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے جدید پولیس دستکاری سکول کا افتتاح کیا ہے اس موقع پر ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ منصوبہ شہداء کے خاندانوں کے بچوں کو ہنرمند بنانے کے لیے شروع کیا گیا ہے۔ پولیس دستکاری سکول میں شہداء کے خاندانوں کی خواتین کے لیے بہترین سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ سکول میں سلائی، کڑھائی، کمپیوٹر اور بیوٹیشن سکھانے کیلئے ماہر انسٹرکٹر تربیت دیں گے۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ پولیس دستکاری سکول شہداء کے خاندانوں کی خواتین کی ترقی میں معاون ثابت ہوگا۔ شہدائے پولیس کی فلاح ہماری اولین ترجیح ہے۔

نوجوان پر پر مسلح 10 افراد کا حملہ، ڈنڈوں سے نوجوان پر وحشیانہ تشدد

بینک سکیورٹی گارڈ کی مداخلت پر مسلح نوجوان فرار ہو گئے

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ذاتی رنجش کی لڑائی، مسلح نوجوانوں نے اے ٹی ایم مشین سے پیسے نکلوانے نوجوان پر حملہ کر دیا، اے ٹی ایم کا کیبن توڑ دیا، نوجوان پر تشدد، تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کے نجی بینک کی اے ٹی ایم مشین سے پیسے نکلوانے والے لڑکے پر مسلح 10 افراد نے حملہ کر دیا، ڈنڈوں سے نوجوان پر وحشیانہ تشدد کیا اور اے ٹی ایم کیبن کے لاک اور شیشے توڑ دیئے، بینک سکیورٹی گارڈ کی مداخلت پر مسلح نوجوان فرار ہو گئے، بینک کی جانب سے پولیس کو کاروائی کیلئے درخواست دے دی گئی ہے۔

سالانہ قدیمی مجلس عزا خراج اشک بحضور نواسہ رسول ص 5 جنوری کو منعقد ہوگی

پیر صاحبان نے تمام مومنین ومومنات سے بھرپور شرکت کی استدعا



شکرگڑھ (عمران عارف سے) سالانہ قدیمی مجلس عزا خراج اشک بحضور نواسہ رسول ص سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام غم کریم کربلا 5 جنوری 2025 بروز اتوار بوقت صبح 9 بجے تا مغربی امام زمانہ عج زیر اہتمام پسران آل نبی اولاد علی بادشاہ سرکار سید شہباز علی نقوی بخاری نجیالوی بمقام مرکزی امامبارگاہ قصر ابو طالب ظفروال میں برپا ہوگی۔ جسمیں ملک بھر کے نامور علماء وذاکرین عظام ذکر آل محمد ص بیان فرمائیں گے۔ نقابت کے فرائض پروفیسر سید شفاعت حسین نقوی گوجرانولہ سر انجام دیں گے۔ حرف اخر شہنشاہ مصائب جناب ذاکر حبیب رضا حیدری صاحب برآمدگی شبیہ ذوالجناح کروائیں گے۔ علاقہ کی ماتمی سنگتیں شریک برسہ ہونگی۔ پیر صاحبان نے تمام مومنین و مومنات سے بھرپور شرکت کی استدعا کی ہے۔ لنگر امام کا بھی وسیع انتظام کیا گیا ہے۔

ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ننکانہ صاحب میں ادویات کی کمی

زیادہ تر ادویات نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں کو ادویات باہر سے خرید کر لانی پڑتی ہیں

ننکانہ صاحب (رانا اسامہ) تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ننکانہ صاحب میں ایمرجنسی میں آنے والے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا زیادہ تر ادویات نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں کو ادویات باہر سے خرید کر لانی پڑتی ہیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی مفت ادویات کی پالیسی ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ننکانہ میں نہ ہونے کے برابر جبکہ آپریشن تھیٹر میں بھی آپریشن کے لیے سامان باہر سے منگوایا جاتا ہے لیب میں کیمیکل کی عدم دستیابی کی وجہ سے اکثر ٹیسٹ کروانے کے لیے مریضوں کو باہر لیب میں ریفر کیا جاتا ہے ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ننکانہ ڈاکٹر اطہر فرید سے اس سلسلہ میں موقف لینے کے لئے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ میں اس بارے میں کچھ نہیں بتا سک

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

لاہور تا کراچی: نئی ٹرین

پاکستان ریلوے نے لاہور اور کراچی کے درمیان جنوری 2025ء کے آخری ہفتے سے ایک اور تیز رفتار ایکسپریس ٹرین چلانے کا منصوبہ بنایا ہے، جو اسلام آباد اور کراچی کے درمیان براستہ لاہور جاری گرین لائن ایکسپریس کی طرز پر چلے گی۔ پاکستان ریلوے کے پاس وہ چیز تیار کرنے کی مکمل ٹیکنالوجی متعلقہ فیکٹریوں میں 1960ء کی دہائی سے دستیاب ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ آنے والے دنوں میں ریل کے ڈبوں کی تیاری میں نئی ٹیکنالوجی بروئے کار لائی جائے گی، جس سے انھیں درآمد کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہے گی۔ نئی ٹرین میں مسافروں کیلئے اے سی، اے سی پارلر، اور اکانومی کے درجوں کی سہولیات دستیاب ہوں گی۔ ریلوے کا محکمہ عوام کو سستے اور محفوظ سفر کی سہولت دینے کیلئے دنیا بھر میں سب سے زیادہ کارآمد سمجھا جاتا ہے، خصوصاً پاکستان جیسے بڑی آبادی والے اور غریب طبقے کیلئے اس کی ضرورت مزید بڑھ جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ملک بھر میں بچھے پٹڑیوں کے جال کی بدولت مختلف سیکشنوں پر اس وقت 98 مسافر ٹرینیں چل رہی ہیں، جس میں آبادی کے تناسب سے اضافے اور ضرورت کی بہت گنجائش موجود ہے۔ عدم توجہی کی وجہ سے کئی برانچ لائنوں پر گزشتہ 30 سال کے عرصے میں متعدد ٹرینیں چلنا بند ہو چکی ہیں جبکہ بعض سیکشن بھی ریلوے ٹریفک کیلئے مکمل طور پر بند پڑے ہیں، جہاں ریلوے کی زمینوں پر لوگ قابض ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر پاکستان میں بھی ریلوے سروس کا کچھ حصہ نجی شعبے کے پاس کامیابی سے چل رہا ہے۔ اگر محکمے کے پاس وسائل اور سرمایہ کی کمی ہے تو بند پڑی برانچ لائنوں کو نجی شعبے کی شراکت داری سے کارآمد بنانے کی سعی کی جانی چاہئے، سب سے زیادہ توجہ فرسودہ پٹڑیوں کی تبدیلی پر دینے کی ضرورت ہے تاکہ انتہائی رش والے سیکشنوں پر ڈبل ڈیکر ٹرینیں چلا کر ایندھن کا خرچہ کم سے کم کیا جاسکے۔

9 مئی کا پھندا ہے اور ہم ہیں دوستو!



پی ٹی آئی کی ہیئت کذائی عجیب سی ہو گئی ہے۔ کچھ سمجھ قابل رحم، کچھ سمجھ قابل عبرت۔ اور بعض لوگوں کے خیال میں باعث شرم بھی۔ مجموعی خلاصہ اس تعریف شدہ شعر میں بیان کیا جاسکتا ہے کہ

جو خان بڑی شان سے نکلا تھا 'زمن' سے
اب ڈیالے میں وہ آج غریب الغربا ہے۔

زمن سے مراد زمان و مکان والا زمانہ نہیں ہے بلکہ زمان پارک ہے۔ زمان پارک کا تخفف 'زیک' بھی ہو سکتا ہے لیکن زمن زیادہ 'میوزیکل' ہے۔ بہرحال صورتحال 'غریب الغربا' کی یہ ہے کہ اسے فیصلہ کرنے میں دقت آ رہی ہے۔ کبھی سوچتا ہے سول نافرمانی کر دوں۔ کر ادوں نہیں، یہ بات خیال میں رہے بلکہ یہ کہ کر دوں۔ اس لیے کہ اور تو کوئی کرے گا نہیں، غریب الغربا کو یہ زحمت اکیلے ہی کرنا پڑے گی۔ کبھی سوچتا ہے کہ مذاکرات کر لوں۔ اس میں وقت ہے کہ مذاکرات پارٹی قیادت کے ذریعے ہوں گے اور کہل ہی غریب الغربا نے اس پارٹی قیادت کو چارج شیٹ کر دیا ہے۔ ویسے عجیب اتفاق ہے کہ دو روز پہلے ہی غریب الغربا کے 'ماسٹر آف دی سول' جنرل فیض کو چارج شیٹ کیا گیا۔ دو روز بعد پارٹی قیادت چارج شیٹ ہو گئی۔ چار پڑا خوخاک ہے، یہ کہ میں تو اندر مقیمیتیں بھگت رہا ہوں، یہ باہر مزے کر رہے ہیں۔ سچ یہ ہے کہ صرف مزے کر ہی نہیں رہے، اپنے غریب الغربا مرشد پر جو بیت رہی ہے، اس کا سن کر مزے لے بھی رہے ہیں۔

غریب الغربا پر اور مصیبتیں کم تھیں کہ الٰہی کے لڈو سے محرومی کا صدمہ بھی جانکاہ بھی اٹھانا پڑا۔ حد سے زیادہ معتبر ذرائع نے دو ہفتے پہلے خبر دی تھی کہ غریب الغربا کا ٹھت سے الٰہی کے لڈو کھا رہے تھے جن کو پنیاں کھا جاتا ہے تاہم یہ روایتی پنیاں نہیں تھیں، ان میں کاجو اور بادام بھی جاتا آموزیاں ہے الٰہی کے ان مرصع لڈوؤں کی پنیاں ہیں کردی جس کے بعد غریب الغربا کی حالت پتلی ہوگئی اور یوں وہ غریب الغربا سے ترقی پا کر اغرب الغربا ہو گئے۔ تازہ پیشرفت کا علم نہیں ہو سکا، یعنی یہ کہ سہالہ ہی بحال ہوئی یا نہیں۔ اس سے کچھ پہلے دیسی ٹمرے، دیسی گکڑ کی سہولت واپس لی گئی تھی جو بعد ازاں بحال کر دی گئی۔

برسبیل تذکرہ، بعض احباب کو گکڑ کے لفظ پر اعتراض ہوگا کہ یہ صحیح نہیں ہے۔ صحیح لفظ مرغا یا مرغابہ ہے۔ تو عرض ہے کہ اصل لفظ گکڑ ہی ہے، مرغ فارسی سے آیا۔ فارسی میں مرغ ہر پرندے کو کہا جاتا ہے یعنی سمجھی طائر۔ کسی انشا پرداز نے باغ کی سیر کا احوال لکھا کہ عجب بہار تھی، ہر طرف گلہائے رنگا رنگ کے تختوں نے جنت نظر کا سماں باندھ رکھا تھا، ہر قسم اشجار کی ٹہنیوں پر انواع بے شمار کے مرغان خوش نوا نے طرح طرح کی بولیاں بول کر فردوس گوش کا سامان کر رکھا تھا۔ یہی فارس والا مرغ اردو ہندی میں آ کر صرف گکڑ کے لیے مخصوص ہو گیا۔ نہ صرف یہ کہ مخصوص ہو گیا بلکہ مرغے سے مرغابھی ہو گیا۔

یہ بات البتہ سوچ میں ڈالتی ہے کہ الٰہی کے لڈو سردیوں میں کھائے جاتے ہیں، گرمیوں میں نہیں۔ الٰہی جسم کی سردی کم کر کے حدت اور حرارت غریزی بڑھاتی ہے۔ جولائی اگست کی گرمی میں خان صاحب کے جسم میں الٰہی 'سردی' کیوں آ گئی جسے کم کرنے کے لیے انھیں الٰہی کے لڈو کی ضرورت پڑ گئی؟ کیا انقلاب کا شعلہ سرد ہونے سے یہ المیہ رونما ہوا۔

بہرحال، الٰہی کے لڈو ملنا بند ہو گئے تو خان صاحب متبادل تلاش کر لیتے۔ مثلاً خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا یا راجہ بازار کے کسی سنیاسی سے کچلہ مدبر کی گولیاں کہ نام حب اذراقی ہے۔ 72، 75 سال کے نوجوانوں کے لیے خاص کی چیز ہے۔ شیدا بھائی ٹلی والے سے معجون ریگ ماہی بھی منگوائی جا سکتی تھی۔

بات کہاں سے کہاں نکل گئی۔ ذکر



پی ایس ایل 10 : وارنر، اسمتھ اور ولیمسن سے شرکت کی تصدیق کا انتظار

ابتدائی فہرست کے مطابق پلاٹینم کیٹیگری میں ڈیوڈ وارنر، شان ایبٹ، اسٹیون اسمتھ، مستفیض الرحمان، ڈیرل مچل، کین ولیمسن، کرس ووکس، جیسن روئے، جونی بیئر اسٹو، ٹام کرن، ٹام کوہلر کیڈمور شامل ہیں، شکیب الحسن، کوشل مینڈس اور ڈیوڈ ویلی ڈائمنڈ میں موجود ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) ڈرافٹ کے غیر ملکی کرکٹرز کی ابتدائی فہرست تیار کرلی گئی تفصیلات کے مطابق پی ایس ایل 10 سے قبل پلیئرز ڈرافٹ کا انعقاد 11 جنوری کو گوادر میں ہوگا، پی سی بی نے غیر ملکی کرکٹرز کی ابتدائی فہرست تیار کرلی ہے، جس میں ردوبدل بھی ممکن ہے، حکام کو آسٹریلوی اسٹار ڈیوڈ وارنر، اسٹیو اسمتھ اور کیوی کرکٹرین ولیمسن سے شرکت کی تصدیق کا انتظار ہے البتہ ان کے نام فہرست میں شامل ہیں۔ اسی طرح کرس ووکس اور جونی بیئر اسٹو کی شمولیت انگلش بورڈ کے این او سی سے مشروط ہوگی۔ بھارت کے سوا دیگر تمام ٹیمٹ ممالک کے کرکٹرز ڈرافٹ میں شریک ہیں، اسٹار کرکٹرز کو لیگ کی تاریخ میں سب سے زیادہ معاوضہ دیا جائے گا۔ ابتدائی فہرست کے مطابق پلاٹینم کیٹیگری میں ڈیوڈ وارنر، شان ایبٹ، اسٹیون اسمتھ، مستفیض الرحمان، ڈیرل مچل، کین ولیمسن، کرس ووکس، جیسن روئے، جونی بیئر اسٹو، ٹام کرن، ٹام کوہلر کیڈمور شامل ہیں، شکیب الحسن، کوشل مینڈس اور ڈیوڈ ویلی ڈائمنڈ میں موجود ہیں، گولڈ کیٹیگری میں موجود ہیں، عثمان خواجہ اور لیوری ایوانز گولڈ میں آگئے، محمد نبی اور تویر سائنھا ڈائمنڈ میں شامل ہیں۔ ڈرافٹ میں شامل دیگر کھلاڑیوں کے نام جاری کردیے گئے ہیں جن میں بیٹجین وارشس، محمود اللہ، ڈین فوکس کراف، کورین بوش، جارج لینڈے، بینڈرے برجر، انجیلو میتھیوز، اوشکا فرنانڈو، ڈسون شانکا، ڈینوتھ دیلالاگے، یاتھم نساناکا، محمد وسیم، ڈیوڈ پائن، ڈیوڈ ملان، بریندن ٹنگ، بلیسنگ مزوارباني، جوشوا براڈن، نکھل چوہدری، حسن محمود، رشاد حسین، نظیم حسن شاقب، تسکین احمد، توحید ہریدوئے، مارک ایڈائر، پال اسٹرلنگ، گیرہارڈ ایراسمس، بین لیسٹر جالنس چارلس، ایون جانز، جیڈ وین جارج پیٹرز، بانو نجوئن، میکنیل پریٹوریس، پیٹر وہیم ایڈرائن مولڈر، روبن لینڈرو ہرمین، ٹیمبا باوومہ، تھامس فلپ کیبر، ژن لس، ایڈم روسٹن، بریڈن میک مولن، جیمز فولر، ریان برل، حشمت اللہ شاہدی، بائرز سوینپوئل، ڈیرل ڈوپاولین، دولت زدران، زدران، یاما عرب، ضیا الرحمان اکبر، جوشوا وین ہیرڈین، بیری میک کارتھی، ڈیو کھنال، کوئز ایسٹر ہوزین، جورڈن ہیرمین، ٹی شمپو موریکی، وقار اللہ اسحاق، بنجمن مینٹشی، بلیک میک ڈونلڈ، کیمرون میک گلور، ہیری ڈکسن، جیکسن اسمتھ، جیمز میسور، جوشوا لیکن، میکنزی ہاروے، میکس بریسیل، مائیکل پیری، روانتھا کیلپیج تھا، سیموئل بینزلیٹ، اسٹیون میکلگفن، تھامس روجرز، تھوریٹن ہنری، عفیف حسین، الیس الاسلام، جاکر علی، قمر الاسلام، انعم الحق، صابر رحمان، شریف الاسلام، محمد سیف الدین، مکید الاسلام، نوسم احمد، ظلم الاسلام، رونی تعلقدار، رومیل مہاج، سیف حسن، تسیم حسین، شاہد الاسلام، تنزید حسن، ہرش ٹھا کر، کیرو شرما، اعجاز خان، بابر حیات، احسن خان، احسن نواز، ہارون ارشد، گراٹ اسٹوریٹ، سید زین عباس نقوی، وردیپ سنگھ، ارجن سعود، آصف شیخ، میکس او ڈوڈ، موسیٰ احمد، پال وین میکرین، رولف وین ڈر مرو، تجاندا موزو، ویوین کنگما، ڈیل فلپس، ڈین کلیور، جیڈن لیتوکس، لیئن کلارک، محمد عباس، نک کیلی، پیٹر ینگ ہمبڈ، عاقب الیاس، بلال خان، مہران خان، محمد عمران، حمزہ خان، ہمانی زینزی، ایشن بنڈارا، کاسن رجیتھا، لاہیرو ادارا ایراگاما گے، جمامیاگی، عاکف راجہ، آریان لکرا، آصف خان، باسل حمید، انتھن ڈی سوزا، حضرت لقمان، خریما بن تحویر، محمد اکاشا طاہر، محمد فاروق، محمد عمیر خان، راہول چوپڑا، شاہد اقبال بھٹہ، سید محمد حیدر شاہ، جیک ٹیلر، تریم علی، اکرشت گومل، علی شیخ، جوشوا ٹرومپ، متھیو ٹرومپ، مختار احمد، نعمان انور، اسٹیفن ٹوگ، اسٹیون ٹیلر، سشانت مودانی، ضیا شہزاد، ابھیجے مان سنگھ، ایم اسٹی، ایم جورڈن، چندر پال ہیم راج، کولین آرکیبالڈ، جومل وریکن، جورڈن جالنس، جونیئر سنکلیئر، کریما گوپ، کیون سنکلیئر، کیولون اینڈرسن، کرک میکنزی، میتھیو نیدو، ناتھن اینڈورڈ، ریوالڈو کلارک، رومار یو روچ، شیرون لوئس، شیڈریک ڈسکارٹ، شیمار بروکس، شیلڈن کوٹریل، ڈیشان موتارا، سولومون میر، تناکا چیونگا، تاشنفے موچوایا، ٹینوٹینڈا میسوا شامل ہیں۔



کرس ووکس اور جونی بیئر سٹوکی شمولیت انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ (ای سی بی) سے این او سی حاصل کرنے پر منحصر ہوگی

آسٹریلیا' بھارت کرکٹ ٹیموں کے درمیان پانچواں اور آخری ٹیسٹ میچ 3 جنوری سے شروع ہوگا

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا اور بھارت کی ٹیموں کے درمیان 5 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا پانچواں اور آخری ٹیسٹ میچ 3 سے 7 جنوری کو سڈنی کرکٹ گراؤنڈ سڈنی میں کھیلا جائے گا۔ میزبان آسٹریلوی ٹیم کو پانچ ٹیسٹ میچوں کی بارڈر گواسکر ٹرافی سیریز میں بھارت کے خلاف 1-2 کی برتری حاصل ہے۔ بھارت کی ٹیم نے پہلے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا کی ٹیم کو 295 رنز سے شکست دے کر سیریز میں 1-0 کی برتری قائم کی تھی، تاہم دوسرے ٹیسٹ میچ میں میزبان آسٹریلوی ٹیم نے جاندار کم بیک کرتے ہوئے مہمان ٹیم کو باآسانی 10 وکٹوں سے شکست دی اور پانچ میچوں کی سیریز بھی 1-1 سے برابر کردی، دونوں ٹیموں کے درمیان برسبین میں کھیلا گیا تیسرا ٹیسٹ میچ بارجیت کے فیصلے کے بغیر ختم ہوگیا تھا۔ کینگرو ز نے 26 سے 30 دسمبر تک میلبورن کرکٹ گراؤنڈ پر کھیلے گئے چوتھے ٹیسٹ میچ میں مہمان بھارتی ٹیم کو 184 رنز سے شکست دے کر سیریز میں 2-1 کی برتری حاصل کرلی تھی۔ بھارتی ٹیم کو سیریز برابر کرنے کے لئے پانچواں ٹیسٹ جیتنا ضروری ہوگا جبکہ آسٹریلیا کو سیریز اپنے نام کرنے کے لئے پانچواں اور آخری ٹیسٹ میچ کم از کم ڈرا کھیلنا ہوگا۔

4 سال سے مسلسل نمبر ون بابر اعظم ون ڈے کرکٹر آف دی ایئر کیلئے نامزد نہ ہوسکے



لندن (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے مینز کرکٹر آف دی ایئر، ٹیسٹ اور ون ڈے کرکٹر آف دی ایئر کے ایوارڈ کی نامزدگیوں کا اعلان کردیا۔ آئی سی سی نے مینز کرکٹر آف دی ایئر کی سر گارفیلڈ سوبرز ٹرافی کی نامزدگیوں کا اعلان کیا جس میں انگلینڈ کے 2 جبکہ بھارت اور آسٹریلیا کا ایک ایک کھلاڑی شامل ہے۔ آئی سی سی کے مطابق مینز کرکٹر آف دی ایئر کیلئے بھارت کے فاسٹ بولر جسپریت بمراہ، آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ جبکہ انگلینڈ کے جوروٹ اور ہیری بروک کو نامزد کیا گیا ہے اس کے علاوہ آئی سی سی کی جانب سے ٹیسٹ کرکٹر آف دی ایئر کی نامزدگیوں کا بھی اعلان کیا گیا۔ آئی سی سی کے مطابق ٹیسٹ کرکٹر آف دی ایئر کیلئے انگلینڈ کے جوروٹ اور ہیری بروک جبکہ بھارت کے جسپریت بمراہ، آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ اور سری لنکا کے کمندو مینڈس کو نامزد کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں آئی سی سی نے ون ڈے کرکٹر آف دی ایئر کے ایوارڈ کی نامزدگیوں کا بھی اعلان کیا جس میں 4 سال سے مسلسل نمبر ون رہنے والے پاکستان کے بابر اعظم کو شامل نہیں کیا گیا۔ آئی سی سی کے مطابق ون ڈے کرکٹر آف دی ایئر کیلئے افغانستان کے عظمت اللہ عمرزئی، سری لنکا کے کوسال مینڈس اور وانندو ہسارنگا جبکہ ویسٹ انڈیز کے رتھر فورڈ کو نامزد کیا گیا ہے۔

انگلینڈ کی ٹینس سٹار ایمارا دوکانو کمر کی تکلیف کے باعث اے ایس بی آکلینڈ اوپن سے دستبردار

کانوا ے ایس بی کلاسک آکلینڈ اوپن ٹینس ایونٹ کے پہلے راؤنڈ میں مقابلہ امریکہ کی رابن مونٹگمری سے تھا



لندن (این این آئی) انگلینڈ کی نامور ٹینس سٹار ایمارا دوکانو کمر کی تکلیف کی وجہ سے اے ایس بی آکلینڈ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ سے دستبردار ہو گئی۔ 22 سالہ برطانوی ٹینس سٹار ایمارا دوکانو اے ایس بی کلاسک آکلینڈ اوپن ٹینس ایونٹ کے پہلے راؤنڈ میں مقابلہ امریکہ کی رابن مونٹگمری سے تھا۔ ایمارا دوکانو بحالی صحت کے عمل سے گزر رہی ہیں اور وہ 12 جنوری سے شروع ہونے والے سال کے پہلے گرینڈ سلام آسٹریلین اوپن ٹورنامنٹ پر اپنی تمام تر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں۔ ایمارا دوکانو نے کہا ہے کہ وہ بہت جلد فٹنس مسائل کے نجات پا کر آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں شرکت کریں۔

یونائیٹڈ ٹینس کپ، قازقستان، جرمنی، چین اور اٹلی کی ٹیمیں کوارٹر فائنل میں داخل

سڈنی (این این آئی) ایسوسی ایشن آف ٹینس پروفیشنلز (اے ٹی پی) اور ویمنز ٹینس ایسوسی ایشن (ڈبلیو ٹی اے) کے زیر اہتمام آسٹریلیا میں جاری یونائیٹڈ کپ میں قازقستان، جرمنی، چین اور اٹلی کی ٹیمیں کوارٹر فائنل میں پہنچ گئیں۔ قازقستان کی ٹیم نے یونان کی ٹیم کو شکست دے کر کوارٹر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ جرمنی نے چین کو ہرا کر ٹاپ ایٹ تک رسائی حاصل کی۔ اسی طرح اٹلی کی ٹیم نے فرانسیسی ٹیم کو ہرا کر کوارٹر فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا جبکہ چین کی ٹیم بہترین پوائنٹس کی بنیاد پر یونائیٹڈ کپ کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئی۔ آسٹریلیا کے تین مختلف شہروں میں شروع ہونے والے اپنی نوعیت کے تیسرے ٹورنامنٹ میں 18 مختلف ممالک کی ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں ہیں، جن کو 6 مختلف گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر گروپ میں تین ، تین ٹیموں کو رکھا گیا ہے۔ گروپ اے میں امریکا، کینیڈا اور کروشیا شامل ہیں، گروپ بی میں پولینڈ، جمہوریہ چیک اور ناروے کو رکھا گیا ہے، گروپ سی میں یونان، قازقستان اور بیلجیم کو رکھا گیا ہے، گروپ ڈی میں اٹلی، اور سوئٹزرلینڈ شامل ہیں، گروپ ای میں چین، دفاعی چیمپئن جرمنی اور برازیل کی ٹیمیں شامل ہیں اسی طرح گروپ ایف میں انگلینڈ، آسٹریلیا اور ارجنٹائن کو رکھا گیا ہے۔ یونائیٹڈ کپ بین الاقوامی آؤٹ ڈور ہارڈ کورٹ مینز اینڈ ویمنز ٹینس ٹورنامنٹ ہے جس کا انعقاد ایسوسی ایشن آف ٹینس پروفیشنلز (اے ٹی پی) اور ویمنز ٹینس ایسوسی ایشن (ڈبلیو ٹی اے) نے کیا ہے۔

اسکاٹش جونیئر اوپن اسکواش؛ پاکستانی کھلاڑیوں نے چار کیٹیگریز میں ٹائٹلز جیت لیے

ایڈنبرا (این این آئی) اسکاٹش جونیئر اوپن اسکواش ٹورنامنٹ میں پاکستانی کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چار مختلف کیٹیگریز میں ٹائٹلز اپنے نام کرلیے۔ تین دیگر ایج کیٹیگریز میں پاکستانی پلیئرز نے تیسری پوزیشنز حاصل کی۔ ایڈنبرا میں ہونیوالے ایونٹ میں پاکستان نے بوائز انڈر 13، بوائز انڈر 15، بوائز انڈر 17 اور گرلز انڈر 13 کیٹیگریز میں کامیابی حاصل کی۔ بوائز انڈر 13 کے فائنل میں پاکستان کے سہیل عدنان نے ایبین کے ایڈرل ریکیو روگارشیا کو 3-0 سے شکست دے کر ٹائٹل جیتا۔ بوائز انڈر 15 کے فائنل میں حذیفہ شاہد نے سنگاپور کے ریحان سنگھ کے خلاف سخت مقابلے کے بعد 2-3 سے

میرٹ اور ایمانداری ہوگی تو کھیلوں میں کامیابی خود ملے گی، نومنتخب صدر پی او اے

لاہور (این این آئی) پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن (پی او اے) کے نومنتخب صدر عارف سعید نے کہا ہے کہ میرٹ اور ایمانداری کریں گے تو کھیلوں میں کامیابی خود ملے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عارف سعید کا کہنا تھا کہ پہلا ہدف انتظامی امور سے بڑھ کر کھیل کے اقدار کو اہمیت دینا ہے۔ کھیلوں میں اخلاقیات اور اسپورٹ مین شپ کو لیکر آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سوچ اب فرسودہ ہو چکی ہے کہ ہم پہلے میڈل لیں گے اور پھر ایماندار ہو جائیں گے۔ اولمپک ازم کے مطابق ہاؤس کو چلانے کی کوشش کریں گے۔

آسٹریلیا سے شکست پر گواسکر کوہلی اور روہیت شرما پر برس پڑے

اگر ٹاپ آرڈر اپنا کردار ادا نہیں کر رہا تو دیگر کھلاڑیوں کو کیوں قصوروار ٹھہرایا جائے؟ گنتگو



میلبورن (این این آئی) آسٹریلیا سے میلبورن ٹیسٹ میں شکست کے بعد بھارتی لیجنڈری کرکٹر سنیل گواسکر ٹیم کے موجودہ اسٹار کھلاڑیوں ویرات کوہلی اور روہت شرما پر برس پڑے۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سنیل گواسکر نے سینئر کھلاڑیوں روہت شرما اور ویرات کوہلی کو ٹیم کی ناکامی پر آڑے ہاتھوں لے لیا اور ٹاپ آرڈر کو آسٹریلیا کے خلاف باکسنگ ڈے ٹیسٹ میں شکست کا ذمہ دار ٹھہرایا۔ جب گواسکر سے سوال کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا" یہ سب سلیکٹرز پر منحصر ہے۔ جو توقعات تھیں، وہ پوری نہیں ہوئیں۔ ٹاپ آرڈر کو اہم کردار ادا کرنا ہوتا ہے۔ اگر ٹاپ آرڈر اپنا کردار ادا نہیں کر رہا تو دیگر کھلاڑیوں کو کیوں قصوروار ٹھہرایا جائے؟" انکا کہنا تھا کہ" سینئرز نے وہ کردار ادا نہیں کیا جو انہیں کرنا چاہیے تھا۔ انہیں بس آج بیٹنگ کرنی تھی اور سڈنی میں لڑنے کا موقع بنانا تھا۔ مسئلہ یہ ہے کہ ٹاپ آرڈر نے کچھ خاص نہیں کیا اور یہی وجہ ہے کہ بھارت کو اس صورتحال کا سامنا کرنا پڑا" خیال رہے کہ آسٹریلیا نے میلبورن ٹیسٹ میں بھارت کو 184 رنز سے شکست دے، جس کے بعد بھارت کی آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں پہنچنے کی امید ماند پڑ نے لگی۔

2025ء میں بڑے ایونٹس میں شرکت کروں گا' ارشد ندیم کا اعلان

2024ء میرے اور پورے پاکستان کیلئے بہت اچھا رہا، 2025ء میں بہترین تھرو نارگٹ ہے' بیان

میاں چنوں (این این آئی) پاکستان کے اولمپک گولڈ میڈلسٹ جیولین کھلاڑی ارشد ندیم نے کہا ہے کہ 2025ء میں بڑے ایونٹس آرہے ہیں ان میں شرکت کروں گا۔ ایک بیان میں ارشد ندیم نے کہا ہے کہ 2024ء میرے لیے اور پورے پاکستان کے لیے بہت اچھا رہا، 2025ء میں اپنی بہترین تھرو کرنے کا ٹارگٹ ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں اپنی بہترین تھرو کی تو گولڈ میڈل جیتوں گا۔ اولمپک گولڈ میڈلسٹ کا کہنا ہے کہ کامن ویلتھ گیمز اور پیرس اولمپکس میں بھی اپنی بہترین تھرو کے باعث ریکارڈز بنائے۔ ارشد ندیم نے کہا کہ اولمپکس 2028ء میں اپنے اعزاز کا دفاع اور ورلڈ ریکارڈ کی خواہش ہے۔ یاد رہے کہ رواں سال پیرس اولمپکس 2024ء میں 40 سال بعد ارشد ندیم نے پاکستان کو گولڈ میڈل جتوایا تھا۔



معروف کامیڈین لہری کا 96 واں یوم پیدائش 2 جنوری کو منایا جائے گا

اداکار لہری نے نگار فلمی ایوارڈ سمیت درجنوں ایوارڈ حاصل کیے



ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) معروف کامیڈین لہری کا 96 واں یوم پیدائش 2 جنوری کو منایا جائے گا۔ معروف پاکستانی مزاحیہ اداکار لہری 2 جنوری 1929ء کو کان پور انڈیا میں پیدا ہوئے ان کا اصل نام سفیر اللہ صدیقی تھا۔ لہری نے فلمی کیریئر کا آغاز 50 کی دہائی میں کیا جو 30 سال تک جاری رہا۔ انہوں نے تین سو سے زائد فلموں میں کام کیا، مزاحیہ اداکاری میں بھی منفرد انداز کے مالک رہے۔ اداکار لہری نے نگار فلمی ایوارڈ سمیت درجنوں ایوارڈ حاصل کیے، ان کی آخری فلم دھنک 1986ء میں ریلیز ہوئی۔ انہوں نے انسان بدلتا ہے، رات کے راہی، فیصلہ، جوکر، آگ، تم ملے پیار ملا، بہادر، نوکر، بہاریں پھر بھی آئیں گی، افشاں اور رم جھم سمیت کم وبیش تین سو فلموں میں کام کیا۔ لہری پر سب سے پہلے 1985ء میں بیرون ملک فلم کی شوٹنگ کے دوران فالج کا اٹیک ہوا، پھر قوت بینائی میں کمی آنے لگی، اس طرح وہ فلمی دنیا سے آہستہ آہستہ کنارہ کش ہوتے چلے گئے۔

2002ء میں ایشوریا نے سلمان خان سے اپنی راہیں جدا کرلیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی میڈیا جہاں ان دنوں بالی وڈ کی اسٹار جوڑی ایشوریا اور ابھیشیک کے ازدواجی تعلق پر نظریں جمائے ہوئے ہیں وہیں ماضی میں ایشوریا اور سلمان خان کا رومانوی تعلق بھی کسی نہ سے کسی طریقے سے خبروں کی زینت بن رہا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس تعلق کا آغاز 1999 میں فلم 'ہم دل دے چکے صنم' سے ہوا جو شادی تک جا پہنچا لیکن 2001 میں دونوں کے تعلق میں دراڑ آگئی اور 2002 میں ایشوریا نے سلمان خان پر بھی الزامات عائد کرتے ہوئے ان سے راہیں جدا کرلیں۔ بھارتی میڈیا کا بتانا ہے کہ سلمان اور ایشوریا کے افیئرز کا دور بھی متنازع خبروں میں گھرا رہا لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ اسی دوران سلمان خان ایک جھگڑے میں ایشوریا کو عمارت کی 17 ویں منزل سے کودنے کی دھمکی تک دے چکے ہیں؟

91 سالہ آشا بھوسلے نے 'توبہ توبہ' گایا، اور رقص کرکے سب کو حیران کردیا

ممبئی (این این آئی) 91 سالہ لیجنڈری بھارتی گلوکارہ آشا بھوسلے نے کنسرٹ میں گانے 'حسن تیرا توبہ توبہ' پر فارم کرکے مداحوں کو حیران کردیا۔ آشا بھوسلے اور سونو نگم نے گزشتہ روز دبئی میں کنسرٹ میں پرفارم کیا۔ اس دوران آشا بھوسلے نے بالی وڈ فلم 'ہیڈ نیوز' کے گانے 'حسن تیرا توبہ توبہ' نئے انداز میں گایا۔ اس دوران لیجنڈری گلوکارہ نے گیت پر رقص بھی کیا اور یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا پر مداحوں نے نہ صرف لیجنڈری گلوکارہ کے گانے کی تعریف کی بلکہ ان کے رقص کو بھی سراہا۔ گانا 'حسن تیرا توبہ توبہ' لکھنے اور گانے والے گلوکار کرن اوجلا نے کہا کہ میں نے 27 سال کی عمر میں یہ گانا لکھا لیکن انہوں نے 91 سال عمر میں مجھ سے بہتر گایا۔ خیال رہے کہ لیجنڈری گلوکارہ آشا بھوسلے کا کیریئر 8 دہائیوں سے جاری ہے۔

عدنان سمیع کی بیٹے اذان، بھائی جنید کے ہمراہ تصویر سامنے آگئی



ممبئی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کے نامور اداکار و گلوکار اذان سمیع خان کی اپنے والد، پاکستانی نژاد بالی ووڈ کے معروف اداکار و گلوکار عدنان سمیع کے ہمراہ تصویر وائرل ہوگئی۔ انسٹاگرام پر یہ وائرل تصویر عدنان سمیع خان کی جانب سے ایک روز قبل شیئر کی گئی ہے۔ اس تصویر میں عدنان سمیع کو اپنے بیٹے اذان سمیع خان اور بھائی جنید سمیع خان کے ہمراہ خوش گوار موڈ میں دیکھا جاسکتا ہے۔ موسیقی کی دنیا کے دو نامور فنکاروں، عدنان اور اذان سمیع خان کی یہ تصویر پاکستان یا بھارت کی نہیں بلکہ مالدیپ کی ہے۔ عدنان سمیع کی پوسٹ دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ یہ خاندان ایک ساتھ چھٹیاں گزار رہا ہے اور مالدیپ کی خوبصورتی سے محظوظ ہو رہا ہے۔ اس تصویر میں عدنان سمیع خان کے ہمراہ ان کے بھائی جنید کا ہونا ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال عدنان سمیع خان کے بھائی جنید نے سوشل میڈیا پر اپنی ایک پوسٹ میں سنسنی خیز انکشافات کرتے ہوئے کہا تھا کہ 'عدنان سمیع ایک کینسر ہے۔ جنید سمیع خان نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ فیس بک پر پوسٹ شیئر کرتے ہوئے اپنے بھائی گلوکار عدنان سمیع خان کو جھوٹا قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ عدنان سمیع خان برطانیہ میں نہیں راولپنڈی میں 15 اگست 1969ء کو پیدا ہوئے، جبکہ ان کی والدہ پاکستانی ہیں۔

پنجابی فلموں کے نامور اداکار سلطان راہی کی 29 ویں برسی 9 جنوری کو منائی جائے گی

15 برس تک فلمی دنیا پر راج کیا اور سات سو سے زائد فلموں میں اداکاری کرکے عالمی ریکارڈ قائم کیا

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) پاکستانی پنجابی فلموں کے نامور اداکار سلطان راہی کی 29 ویں برسی 9 جنوری کو منائی جائے گی۔ سلطان راہی 80ء کے عشرے میں پنجابی فلموں کے معروف ہیرو رہے ہیں انہوں نے 15 برس تک فلمی دنیا پر راج کیا اور سات سو سے زائد فلموں میں اداکاری کرکے عالمی ریکارڈ قائم کیا ہے جن میں پانچ سو فلموں میں انہوں نے بطور ہیرو کردار ادا کیا ہے۔ سلطان راہی نے 1971ء میں اپنے فلمی کیریئر کا آغاز کیا اس دوران پنجابی فلم "بشیرا" کی کامیابی نے انہیں سپر سٹار بنا دیا سلطان راہی اور مصطفیٰ قریشی کی جوڑی فلم کی کامیابی کی ضمانت بن گئی ان کی فلم "مولا جٹ" نے باکس آفس پر کامیابی کے ریکارڈ قائم کیے ان کی دیگر کامیاب فلموں میں 'سالا صاحب، چن ورياما، اتھرا پتر، ملے گا ظلم دا بدلہ، 'وحشی جٹ'، 'شیر خان'، 'شعلے'، 'آخری جنگ'، 'جرنیل سنگھ، دو بچھے زمین، شیراں دے پتر اور دیگر قابل ذکر ہیں۔

2021 میں سرجری کے بعد میری ایک ٹانگ دوسری ٹانگ سے چھوٹی ہوگئی تھی، اداکارہ تنناز ایرانی

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلم اور ٹی وی کی مشہور اداکارہ تنناز ایرانی نے حال ہی میں اپنی صحت کے سنگین مسائل پر بات کی، جس سے وہ طویل عرصے تک اپاہج وہیل چیئر پر محدود ہوگئی تھیں۔ اداکارہ نے بالی ووڈ کی "ہونا پیار ہے" اور "36 چائنا ٹاؤن" جیسی فلموں میں کردار نبھائے، اس کے ٹی وی شوز میں بھی کام کیا۔ اداکارہ نے بتایا کہ 2021 میں سرجری کے بعد ان کی ایک ٹانگ دوسری ٹانگ سے چھوٹی ہوگئی جس کی وجہ سے انہیں اپاہج چلنے میں دشواریوں کا سامنا شروع ہوا، جس کے بعد انہوں نے علاج کروانے کا فیصلہ کیا۔

2024 مشکل، چیلنجز سے بھرا سیکھنے والا سال تھا، ملائیکہ اروڑا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ میں آئٹم سونگز کے حوالے سے مشہور ملائیکہ اروڑا نے اپنے دوست ارجن کپور سے بریک اپ کے بعد 2024 کو اپنے لیے مشکل سال قرار دیدیا۔ سوشل میڈیا پر اس سال میں سیکھنے کے حوالے سے اپنے تجربات شیئر کرتے ہوئے انکا کہنا تھا کہ یہاں ایسی چیزیں ہیں جنھیں میں سمجھ نہیں سکی ہوں۔ 51 سالہ ملائیکہ نے اس سال اپنے سوتیلے والد کو کھویا جبکہ ان کے دوست اداکار ارجن کپور سے راہیں بھی اسی برس جدا ہوئیں، اب جبکہ سال ختم ہوگیا ہے تو ملائیکہ نے اسے کیسا پایا یہ شیئر کرتے ہوئے کہا کہ یہ سال ان کے لیے مشکل تھا۔ انھوں نے ایک پوسٹ میں اس سال سے سیکھے گئے اسباق سے متعلق بھی بتایا۔ انسٹاگرام پر انھوں نے ایک مختصر نوٹ شیئر کرتے ہوئے کہا مجھے 2024 سے نفرت نہیں لیکن یہ مشکل اور چیلنجوں سے بھرا سیکھنے والا سال تھا۔ آپ نے مجھے دکھایا کہ زندگی ایک آنکھ کی پلک جھپکنے کے مانند ہے اور سکھایا کہ خود پر زیادہ اعتماد کرنا چاہیے۔ لیکن سب سے بڑھ کر آپ نے مجھے یہ سمجھا دیا کہ میری صحت، جس میں جسمانی، جذباتی یا ذہنی معاملات شامل ہیں اہمیت رکھتے ہیں۔ ایسی چیزیں باقی ہیں جنھیں میں ابھی تک نہیں سمجھ سکی ہوں، لیکن مجھے یقین ہے کہ وقت کے ساتھ، میں ہر چیز کی وجوہات اور مقاصد کو سمجھ لوں گی۔

اب زندگی میں سیٹل ہونا چاہتی ہوں، اللہ سے دعا ہے میری شادی کروا دے، ریشم

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز کی مشہور اداکارہ ریشم نے اپنی شادی نہ ہونے کی وجہ ایک منفرد دعا کو قرار دیا ہے جو انہوں نے اللہ کے گھر مانگی تھی۔ چند دن قبل ایک نجی ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں انہوں نے اس حوالے سے گفتگو کی، جس کا ایک مختصر کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے اور صارفین اس پر اپنا ردعمل دے رہے ہیں۔ ریشم نے بتایا کہ وہ ایک ڈرامے کی شوٹنگ چھوڑ کر عمرے کی ادائیگی کے لیے گئیں تھیں۔ ان سے کہا گیا کہ مسجد الحرام کے مینار دیکھ کر جو دعا مانگیں گی وہ قبول ہوگی۔ اس موقع پر ریشم نے دیا کی کہ 'یا اللہ، عزت دینا تو کبھی تکبر نہ دینا اور میرا ہاتھ ہمیشہ دینے والا رکھنا، لینے والا نہ بنانا۔ اداکارہ کے مطابق ان کی یہ دعا اس طرح قبول ہوئی کہ آج تک انہیں مرد کی کمائی نصیب نہیں ہوئی۔ وہ کہتی ہیں کہ اس میں اللہ کی کیا حکمت ہے، یہ وہ نہیں جانتیں۔ ساتھ ہی اداکارہ نے شادی کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اب وہ زندگی میں سیٹل ہونا چاہتی ہیں اور اللہ سے دعا کی ہے کہ ان کی شادی کروا دے۔ ریشم نے بتایا کہ انہوں نے کچھ عرصے کے لیے کام چھوڑ دیا تھا، مگر بعد میں دوبارہ کام شروع کرنا پڑا۔ یاد رہے کہ ریشم سوشل میڈیا پر بھی متحرک رہتی ہیں اور آئے دن ان کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوتی ہیں جس میں وہ خود اپنے ہاتھوں سے لنگر کا کھانا بناتی ہیں تاکہ غریبوں میں تقسیم کیا جاسکے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

چوہدری محمد حنیف بھٹہ وبیگم اور چوہدری منیر احمد بھٹہ کی سالانہ برسی میلاد کا انعقاد

سابق چیئرمین بلدیہ میاں امجد لطیف، سردار محمد ریاض ڈوگر دیگر کی شرکت



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سابق چیئرمین بلدیہ چوہدری محمد حنیف بھٹہ وبیگم اور چوہدری منیر احمد بھٹہ کی سالانہ برسی کے موقع پر یونائیٹڈ پارک بھٹہ ہاؤس میں چوہدری تنویر احمد بھٹہ اور چوہدری صغیر احمد بھٹہ کی طرف سے محفل میلاد کا انعقاد کیا گیا جس میں سابق چیئرمین بلدیہ میاں امجد لطیف، سردار محمد ریاض ڈوگر، اعجاز جج گردور، ثناء خوان احمد علی حاکم، افتخار رضوی، قاری خالد محمود، ساجد علی چشتی، یاسر شعیب نور، آغا نصرت علی گولڑوی، چوہدری رضوان طفیل، چوہدری محمد اقبال بھٹہ، محمد عدنان، محمد اکرم، چوہدری قدیر احمد، چوہدری علی گوہر، کمائل احمد، حاشر علی، ہاشم علی سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی، اس موقع پر ثناء خواں حضرات نے سرکار دو عالم ﷺ کی شان اقدس میں گلہائے عقیدت پیش کئے جبکہ مرحومین کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی اور خصوصی دعائے مغفرت کی گئی، شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ابدی زندگی موت کے بعد کی ہے دنیا انسان کیلئے امتحان گاہ ہے۔

گیپکو سیالکوٹ نے پاور ڈویژن اہداف کامیابی سے حاصل کئے، سردار جمشید خان

گیپکو کے فرض شناس آفیسران وفیلڈ اہلکار لائق تحسین ہیں، ایس ای گیپکو



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) گیپکو سیالکوٹ نے پاور ڈویژن اہداف کامیابی سے حاصل کئے۔ سردار جمشید خان گیپکو کے فرض شناس آفیسران وفیلڈ اہلکار لائق تحسین ہیں۔ ایس ای گیپکو سیالکوٹ نے پاور ڈویژن کیجانب سے دیئے گئے اہداف انتہائی کامیابی کیساتھ حاصل کئے ہیں جس پر سیالکوٹ کے تمام اعلیٰ افیسران، سرکلز آفیسران سمیت فیلڈ آفیسران وواپڈا عملہ کی مشترکہ عملی کاوشیں قابل قدر و لائق تحسین ہیں۔ ان باتوں کا اظہار سنیئر صحافیوں کیساتھ میڈیا ٹاک کے دوران سپرنٹنڈنٹ انجینیر گیپکو سرکل سیالکوٹ سردار جمشید علی خان نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ گیپکو فیلڈ اہلکاران شدید و ناسازگار موسمی حالات میں بھی صارفین کو بجلی کی بلا تعطل فراہمی کے لئے ہمہ وقت اپنی جان کی پرواہ کرے بغیر محنت کرتے ہوئے بلند و بالا ہائی ٹینشن کھمبوں و پولز پر سخت ترین کام کرتے ہیں۔ اگر کسی کو یہ بات سمجھ نہ آئے تو 44 ڈگری درجہ حرارت یا شدید سردی وتیز بارش میں 11 ہزار ہائی ٹینشن وائرز کے نیچے ٹرانسفارمر یا کھمبے کی اونچائی پر محض چڑھ کر 15 منٹ گزاریں کام بھی نہ کریں تو محسوس ہوگی وہ تکلیف کہ جو اوزار لے کر اونچے بجلی کے کھمبوں پر کام کرتے ہیں انکی جانفشانی و فرائض منصبی کی کمال ادائیگی کی سمجھ آئے گی۔ معزز صارفین واپڈا سے التماس ہے کہ واپڈا اہلکار ہوں یا کوئی بھی مسافر یا کسی بھی محکمہ کے اہلکار انہیں پوچھے بغیر ٹھنڈا پانی پلا دیجئے انہیں حوصلہ ملے گا۔

تجاوزات خریداروں کے لئے پریشانی اور تکلیف کا باعث بنتی ہیں، شعیب اقبال

شہر میں جاری عارضی تجاوزات کے خلاف مہم تیز کرنے کی ہدایت کردی، کمشنر ساہیوال



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے شہر میں جاری عارضی تجاوزات کے خلاف مہم تیز کرنے کی ہدایت کردی، شہر کے تمام بازاروں سے تجاوزات روزانہ کی بنیاد پر ختم کروائی جائیں، تجاوزات خریداروں کے لئے پریشانی اور تکلیف کا باعث بنتی ہیں، کمشنر ساہیوال۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں پمپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے جس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے پمپ حکام کو ہدایت کی کہ اولڈ ہڑپہ روڈ، اولڈ جی ٹی روڈ اور پاک پتن روڈ پر اسفالٹ سے پہلے سیوریج کے تمام مسائل حل کئے جائیں تاکہ دوبارہ سڑک کو نقصان نہ ہو۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے کنعان پارک میں سیوریج لائن ڈالنے کے بعد بحالی کے کام کی سست روی پر ناراضگی کا اظہار کیا اور اسے جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے پی ایچ اے حکام کو ہدایت کی کہ راجباہ 9 ایل کے کنارے پر بنائے گئے واکنگ ٹریک کو بہتر کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری اس سے استفادہ کرسکیں۔

اسلحہ اور ڈنڈوں سوٹوں سے مسلح افراد نے حملہ کر کے صحافی اور اسکی ٹیم کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ صدر اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں آتشیں اسلحہ اور ڈنڈوں سوٹوں سے مسلح افراد نے حملہ کر کے صحافی اور اسکی ٹیم کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ تفصیلات کے مطابق احسن اعجاز بھٹی اپنی ٹیم کے ہمراہ ایم اے جناح روڈ پر واقع ٹانسز کچہری جو کہ لوگوں کے ساتھ فراڈ کرتی ہے دفتر کے باہر اپنی ٹیم کے ہمراہ اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہا تھا کہ اچانک ٹانسز کچہری کے ملازمین نے اسلحہ اور ڈنڈوں سوٹوں سے حملہ کر کے صحافی احسن اعجاز بھٹی اور اس کی ٹیم کو تشدد کا نشانہ بنا کر اس سے کیمرہ، موبائل فون اور نقدی چھین کر لے گئے۔ تشدد کی ویڈیو سوشل میڈیا پر منظر عام آتے ہی ڈی پی او اوکاڑہ کی ہدایت پر پولیس تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ نے فوری کاروائی کرتے ہوئے سات ملزمان، انصر، شاہد اقبال، علی رضا، اقبال حسین، محمد نادر، محمد ثقلین اور محمد مہربان کو گرفتار کر کے حوالات میں بند کر کے ان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔

ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالج ساہیوال کے پرنسپل برگیڈیئر (ر) سید انوار الحسن کرمانی شاندار کیریئر کے بعد اپنے عہدے سے سبکدوش ہوگئے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالج ساہیوال کے پرنسپل برگیڈیئر (ر) سید انوار الحسن کرمانی شاندار کیریئر کے بعد اپنے عہدے سے سبکدوش ہوگئے۔ انہوں نے تقریباً 18 سال بطور پرنسپل ڈی پی ایس کو ڈویژن کا ایک بہترین تعلیمی ادارہ بنایا جس نے نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں میں بے شمار کامیابیاں حاصل کیں اور یہاں سے فارغ التحصیل طلبہ و طالبات دنیا بھر میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ساہیوال ایجوکیشنل ٹرسٹ کے چیئرمین اور کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے پرنسپل برگیڈیئر (ر) سید انوار الحسن کرمانی کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے سکول کو جس اعلیٰ تعلیمی معیار پر پہنچا دیا ہے اس پر ساہیوال کے عوام ان کے تہہ دل سے شکرگزار ہیں اور ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ برگیڈیئر (ر) سید انوار الحسن کرمانی کے بطور پرنسپل آخری روز بورڈ آف ٹرسٹیز کا خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں انہیں ڈی پی ایس کو موجودہ مقام تک پہنچانے کے لئے خراج تحسین پیش کیا گیا اور انہیں دوسروں کے لئے مشعل راہ قرار دیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے پرنسپل برگیڈیئر (ر) سید انوار الحسن کرمانی نے بھرپور تعاون پر کمشنر شعیب اقبال سید، بورڈ ممبران ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود، پروفیسر قمر الزمان خان، دیگر کی شرکت۔

مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملک ترقی ومفاد کو ترجیح دی ہے، محمد عمران سنی

مسلم لیگ (ن) نے پاکستان کی تعمیر وترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا، تقریب سے خطاب

وزیرآباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملک ترقی ومفاد کو ترجیح دی ہے، مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) نے پاکستان کی تعمیر وترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا اور کررہی ہے انشاء اللہ کرتی رہے گی ہمسلم لیگ کی بنیاد آل انڈیا مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے قائداعظم محمد علی جناح ؒ اور دیگر راہنماؤں کی جدوجہد کے نتیجہ میں پاکستان کا قیام ممکن ہوا، مسلم لیگ (ن) وہ جماعت ہے جس نے ملکی معیشت کو مضبوط بنانے، عوامی فلاحی منصوبوں کو کامیاب بنانے اور بیرونی دنیا میں پاکستان کا وقار بلند کرنے کے لئے بھرپور جدوجہد کی۔ ان خیالات کا اظہار مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ ضلع وزیرآباد کے آرگنائزر محمد عمران سنی کمبوہ اور ضلعی صدر یوتھ ونگ وقار احمد چیمہ نے مسلم لیگ (ن) کے 118 ویں یوم تاسیس کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مسلم لیگی رہنما ساجد حسین چیمہ، رانا ناصر سمیت کارکنان کی کثیر تعداد موجود تھی۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت اور کارکنان نے نہ صرف آمروں کے سامنے جرات مندانہ طور پر نعرہ حق بلند کیا بلکہ پاکستان کے مفاد میں ہمیشہ پارٹی اصولوں سے وابستہ رہ کر سیاست کی، مسلم لیگ (ن) آج بھی قائد میاں محمد نواز شریف اور میاں محمد شہباز شریف کی راہنمائی میں عوامی امنگوں کی ترجمانی کررہی اور ملک کی تعمیر وترقی کے لئے مصروف عمل ہے۔

صاف ستھرا پنجاب صرف باتوں تک محدود، شہر کے گلی محلے گندے پانی کی نظر

شیش محل ودیگر گلی محلوں میں سیوریج لائن بند ہونے سے گندہ پانی پھیل گیا



وزیرآباد (نامہ نگار) صاف ستھرا پنجاب صرف باتوں تک محدود، شہر کے گلی محلے گندے پانی کی نظر، وزیرآباد کے علاقہ شیخانوالی گلی، دھونکل روڈ، محلہ نبی بخش، جلالپورہ، مسلم روڈ، جناح کالونی، ارائیں کالونی، گلی عزت خان، شیش محل ودیگر گلی محلوں میں سیوریج لائن بند ہونے سے گندہ پانی پھیل گیا، انتظامیہ کی عدم توجہی سے جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر، بیماریاں پھیلنے کے خدشہ، سیوریج کا گندہ پانی گلی محلوں میں کھڑا ہونے سے مکھی، مچھر افزائش پانے لگے، لوگ موذی بیماریوں میں مبتلا، لوگوں کا گزرنا محال ہوگیا، گلیاں محلے دلدل کا منظر پیش کرنے لگے، مساجد کے راستے بند، نمازیوں کا گزرنا مشکل، خاکروب کی سہولت بھی میسر نہیں، صاف پانی بھی میسر نہیں، انتظامیہ نے علاقہ کی صفائی ستھرائی سے آنکھیں موند رکھی ہیں۔ لگے گندگی کے ڈھیر سے اٹھنے تعفن سے اہل علاقہ موذی بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے گلیوں میں گندے پانی کے تالاب نے بھی عوام کا جینا دوبھر کر کے رکھ دیا۔

گزرے سال کو الوداع اور سال نو کی صبح کو خوش آمدید کہتا ہوں، محمد افضل منشاء

نئے سال کے آغاز پر ہمیں فلسطین میں اپنے ان بھائیوں اور بہنوں کو نہیں بھولنا چاہیے



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چیئرمین مرکزی انجمن تاجران ڈسکہ محمد افضل منشاء نے سال نو 2025ء کے آغاز پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ گزرے سال کو الوداع اور سال نو کی صبح کو خوش آمدید کہتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا گو ہوں کہ آنے والا سال پاکستان کے ساتھ ساتھ پوری امت مسلمہ کیلئے خوشحالی، سیاسی و معاشی استحکام اور امن لائے انہوں نے کہا کہ نئے سال کے آغاز پر ہمیں فلسطین میں اپنے ان بھائیوں اور بہنوں کو نہیں بھولنا چاہیے جو اسرائیلی افواج کے وحشیانہ حملوں کا مسلسل سامنا کر رہے ہیں عالمی برادری غزہ میں نسل کشی روکنے کے لیے فوری اقدامات کرے اسی طرح غیر قانونی طور پر بھارتی زیر تسلط جموں وکشمیر کے عوام جو قابض بھارتی افواج کے مظالم اور طویل ترین محاصرے کا سامنا کر رہے ہیں، عالمی امن وسلامتی کے فروغ کیلئے ضروری ہے کہ عالمی برادری ان دیرینہ تنازعات کے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کے لیے عملی اقدامات اٹھائے انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اجتماعی کاوشوں اور اُمت کے اندر اتحاد و اتفاق کیلئے بھی دعا گو ہوں اللہ کے حضور سربسجود ہو کر دعا کریں کہ سال 2025ء نہ صرف پاکستان بلکہ پوری امت مسلمہ کے لیے مثبت تبدیلیوں کا سال ہو سال نو کا استقبال اس اُمید اور عزم کے ساتھ کریں کہ ہم ایک ایسی دنیا کی تعمیر کریں گے جہاں تنازعات اور جنگیں نہ ہوں اور جہاں انصاف، امن، خوشحالی اور ہمدردی کا دور دورہ ہو۔

اوکاڑہ یونیورسٹی اور ضلعی پولیس انتظامیہ کے مابین خدمت مرکز کے قیام کے حوالے سے مفاہمت کی یادداشتوں پہ دستخط

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ یونیورسٹی اور ضلعی پولیس انتظامیہ کے مابین خدمت مرکز کے قیام اور پولیس آفیسرز کے بچوں کیلئے فیسوں میں رعایت کے حوالے سے مفاہمت کی یادداشتوں پہ دستخط۔ معاہدے پہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد راشد ہدایت نے دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت پولیس شہداء کے بچوں کو فیسوں میں سو فیصد رعایت دی جائے گی۔ ان اقدامات کا مقصد کمیونٹی میں مثبت تبدیلی اور تعمیری سوچ کو پروان چڑھانا ہے۔ پولیس شہداء کے بچوں کی ویلفیئر کے لیے مزید اقدامات کیے جائیں گے۔ راشد ہدایت نے یونیورسٹی کے تمام اقدامات میں ضلعی پولیس انتظامیہ کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ڈی پی او نے اپنے اسٹاف کو ہدایت کی کہ پولیس خدمت مرکز کو تمام تر سہولیات سے آراستہ کیا جائے۔ یونیورسٹی کے حوالے سے تمام تر معاملات میں کوآرڈینیشن کیلئے اے ایس پی رینالہ سید دانیال کو فوکل پرسن نامزد کیا گیا۔

ضلعی انتظامیہ عوام کو بہترین سیر و تفریح کے مواقع مہیا کرنے کے لیے اقدامات کررہی ہے، ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر

عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر نے عوام کو تفریح کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بابا فرید پارک سے ملحقہ کنال ویو کیفے کے ڈویلپمنٹ ورک کی چیکنگ کی اور عوام کو تفریح کی سہولیات کی فراہمی کے منفرد منصوبے کو جلد فیکشنل کرنے کے سلسلہ میں ہدایات جاری کیں، انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بہترین میونسپل سروسز کی فراہمی سمیت سیر و تفریح کے مواقع مہیا کرنے کے لیے اقدامات کررہی ہے اور حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق عوامی خدمت کا عمل جاری رہے گا، دریں اثناء ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ فاضلکا بوائز ہائی سکول کا دورہ کیا اور موسم سرما کی چھٹیوں کے دوران سکول کی صفائی اور بیوٹیفکیشن کے لیے اقدامات کرنے کے احکامات دیے، انہوں نے کہا کہ سکول انتظامیہ کو الٹی ایجوکیشن کے لیے جانفشانی سے فرائض سر انجام دے تاکہ سکول کے طالب علم محنت سے اپنا مقام حاصل کرتے ہوئے مستقبل میں ملکی ترقی میں اپنا منفرد کردار ادا کریں۔

ظفروال کی دھرتی کی ابھرتی ہوئی شاعرہ آصفہ مریم کی کتاب کی تقریب رونمائی

محترمہ آصفہ مریم کو کتاب کی اشاعت پر ڈیروں مبارکباد پیش کی گئی



ظفروال (ذاہد چوہدری سے) ظفروال دھرتی کی ابھرتی ہوئی شاعرہ محترمہ آصفہ مریم صاحبہ کی کتاب ہجر کا شور کی رونمائی کی پر وقار تقریب مقامی میرج ہال میں وقوع پذیر ہوئی علاقے اور ملک بھر سے نامور شخصیات اور شعرا کرام نے بھرپور شرکت کی علاقے اور ملک بھر سے نامور شخصیات اور شعرا کرام نے بھرپور شرکت کی کلاسیکل موسیقی کے ساتھ مشاعرے کا انعقاد بھی کیا گیا جس میں شعرا کرام نے اپنے شعر سنا کر حاضرین محفل سے خوب داد وصول کی اور محترمہ آصفہ مریم صاحبہ کو کتاب کی اشاعت پر ڈیروں مبارکباد پیش کی گئی۔

جدید ٹیکنالوجی پر دسترس کے بغیر ترقی ناممکن ہے، محمد خالد وسیم

ماڈل کیمبرج ڈھول سسٹم میں بچوں کے پراجیکٹس بارے نمائشی سٹالز کا دورہ



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) جدید ٹیکنالوجی پر دسترس کے بغیر ترقی ناممکن ہے۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ ماڈل کیمبرج ڈھول سسٹم میں بچوں کے پراجیکٹس بارے نمائشی سٹالز کا دورہ کے موقع پر فرزند سیالکوٹ کا پیغام کنوینر اتحاد گروپ نے بہترین ورکنگ پر اساتذہ و طلباء کو خراج تحسین پیش کیا۔ کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی پر دسترس حاصل کیے بغیر ترقی ممکن نہیں جو قومیں ایجوکیشن اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کررہی ہیں ان کے لیے ترقی کے راستے ہموار ہوتے جا رہے ہیں ماڈل کیمبرج سکول سسٹم ماڈل ٹاؤن اگوکی میں بچوں کی جانب سے لگائے گئے نمائشی سٹالوں پر کا جائزہ لیتے ہوئے کیا اس موقع پر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کی انتظامیہ ڈائریکٹرز بھی ان کے ہمراہ تھے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہمارے بچوں کے اندر بہت سارا ٹیلنٹ موجود ہے ہمارے بچوں نے جو نمائشی سٹال لگائے ہیں پاکستان کے قریبی ممالک نے جدید ٹیکنالوجی میں جس طرح اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے وہ قابل تعریف ہے جبکہ پاکستان کسی بھی ایجاد کو دسترس حاصل نہیں کر سکا ان خیالات کا اظہار انہوں نے

ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر عوامی ریلیف کے لیے متحرک

انہوں نے درگاہ بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے ترقیاتی کام کا جائزہ لیا



